اسلام آباد میں رائج

کتابوں کے پلاسٹک کور پر پابندی کا قانون

قانون و انصاف کمیشن، پاکستان

اسلام آباد میں رائج کتابوں کے پلاسٹک کور پر پابندی کا قانون مجریہ 2026

مختصر پیغام

کتاب کی حفاظت ضروری ہے — مگر ماحول کی قیمت پر نہیں۔ 📚

🌿کتاب کو کاغذ، کپڑے یا ماحول دوست متبادل سے محفوظ بنائیں۔

حال ہی میں دارالخلافہ اسلام آباد میں کتابوں پر پلاسٹک کی جلدوں پر پابندی کے قانون مجریہ 2026، کے تحت کتابوں کو ایک بار استعمال کیئے جانے والے پلاسٹک کور، شیٹ، فلم یا ریپنگ کے ساتھ فروخت یا تقسیم کرنے کی ممانعت کی گئی ہے۔ مذکورہ قانون، پلاسٹک کے غیر ضروری استعمال میں کمی اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے نافذ کیا گیا ہے۔

قانون کا نفاذ صرف اسلام آباد دارالخلافہ تک محدود ہے اور اس کا مقصد کتابوں کی فروخت کے دوران غیر ضروری پلاسٹک کور کے استعمال کو روکنا ہے۔

آج کا ذمہ دار انتخاب: آنے والی نسلوں کا صاف ماحول 🌏

پلاسٹک کی جلد یا کور سے کیا مراد ہے؟

پلاسٹک کی جلد یا کور سے مراد ایسی پلاسٹک شیٹ، فلم یا ریپنگ ہے شفاف یا غیر شفاف، جو کتاب کو ڈھانپنے کے لیے استعمال ہو، مکمل یا جزوی طور پر پلاسٹک سے بنی ہو، اور کتاب کے ساتھ لگائی گئی ہو یا کتاب کے ساتھ فروخت کی گئی ہو۔

بنیادی ممانعت:

کوئی بھی کتاب فروش دارالخلافہ اسلام آباد میں ایسی کتاب فروخت کے لیے پیش یا تقسیم نہیں کر سکتا جو قانون میں بیان کردہ ممنوعہ پلاسٹک کور میں لپٹی یا ڈھکی ہوئی ہو۔ لہذا کتاب فروشوں، ناشرین اور متعلقہ کاروباری اداروں کو اپنی فروخت اور پیکنگ کے طریقۂ کار کو قانون کے مطابق بنانا ہوگا۔

قانون کی تعمیل:

قانون کا عملی تقاضا یہ ہے کہ کتاب فروش اور متعلقہ کاروباری ادارے ممنوعہ ایک دفعہ استعمال کے بعد نا قابلِ استعمال پلاسٹک کو فروخت کے نظام سے نکالیں اور ماحول دوست متبادل اختیار کریں۔

اہم استثنائی صورتیں:

پلاسٹک کی جلد/ کور کے استعمال کو چند صورتوں میں جائز قرار دیا گیا ہے جو درج ذیل ھیں:

- کتاب کی وہ جلد جو دوبارہ قابلِ استعمال پلاسٹک اور ماحول دوست مواد سے تیار کی گئی ہو۔
- ایسی کتابیں جن میں پلاسٹک کا جزو کتاب کی ساخت (Laminated Hard Cover) کا لازمی اور ناگزیر حصہ ہو۔
- نایاب و قیمتی کتب کی جلدیں یا کور جو کتاب کو محفوظ بنانے کی غرض سے استعمال کی گئی ہو۔
- ایسی کتب جن کی بناوٹ یا ساخت کا پلاسٹک یامتعلقہ مواد لازمی جزو ہو۔
- کسی کتب خانے، ذخیرہ کتب یا کتابوں کو محفوظ بنانے کے لیئے استعمال کردہ مواد وغیرہ۔

جرمانوں پر ایک نظر

پہلی خلاف ورزی: 50,000 روپے تک

خلاف ورزی: 100,000 روپے تک دوسری

کیا کریں؟	کیا نہ کریں؟
کاغذ، کپڑے یا دیگر ماحول دوست متبادل ل کریں۔ ✓	✗ ممنوعہ پلاسٹک میں کتاب فروخت نہ کریں۔
فروخت سے پہلے کتابوں سے ممنوعہ single-use plastic wrapping ہٹا دیں۔ ✓	✗ کتاب کو فروخت کے لیے پیش یا تقسیم نہ کریں۔
اپنے اسٹاک اور پیکنگ کے طریقۂ کار کا قانونی جائزہ لیں۔ ✓	✗ خلاف ورزی کے باوجود وہی طریقۂ کار جاری نہ رکھیں،
مجاز افسران کی جانب سے قانونی معائنہ میں تعاون کریں۔ ✓	